خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی

۱- ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی اور مجلّہ تحقیقاتِ اسلامی کے پچیس سال پورے ہونے پر مجلّہ کی جو اشاعت خاص اکتوبر-دسمبر ۲۰۰۶ء میں شائع ہوئی تھی، علمی حلقوں میں اس کی اندازے سے کہیں زیادہ پذیرائی ہوئی۔ اہلِ علم نے عام طور سے اس پر اپنی پسند کا اظہار کیا اور اپنے ہمت افزا تاثرات اور قیمتی مشوروں سے نوازا۔ اس کی طلب اب بھی جاری ہے، مگر تمام کاپیاں ختم ہو جانے کی وجہ سے اب اس کی تعمیل ممکن نہیں رہی ہے۔

اس شمارہ میں تحقیقاتِ اسلامی کا ۲۵ سالہ اشاریہ شائع کیا گیا تھا۔ اس اشاریہ کی کچھ کاپیاں الگ سے چھپوالی گئی ہیں۔ خواہش مند حضرات اسے حاصل کر سکتے ہیں۔ صفحات: ۷۲، قیمت -/۲۵ روپے۔

۲- ادارہ میں تصنیفی تربیت کا شعبہ قائم ہے جس کے تحت دینی مدارس اور عصری جامعات کے فارغین کو تحریری و تصنیفی مشق بہم پہنچائی جاتی ہے۔ ادارہ میں قیام کی سہولت فراہم کرنے کے علاوہ انھیں دو ہزار روپے ماہانہ اسکالرشپ بھی دی جاتی ہے۔ گزشتہ سہ ماہی سے اس شعبہ سے تین نوجوان اسکالر وابستہ ہیں۔

۳- ادارہ میں آئے دن علمی شخصیات کی آمد رہتی ہے۔ گزشتہ دنوں محترم مولانا کلبِ صادق نائب صدر آل انڈیا مسلم پرسنل لابورڈ ادارہ تشریف لائے، اس کی سرگرمیوں سے واقفیت حاصل کی، اس کی مطبوعات خریدیں اور ادارہ کے علمی کاموں کے لیے بطور تعاون پانچ ہزار روپے عنایت کیے۔

۴- صدر ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی بیش تر تالیفات پاکستان کے مختلف مکتبوں سے بھی شائع ہوگئی ہیں۔ ابھی حال میں ادارۂ معارف اسلامی کراچی نے مولانا کی حسب ذیل کتابیں شائع کی ہیں:

اسلام کا عائلی نظام، اسلام میں خدمت خلق کا تصور، انفاق فی سبیل اللہ، وقتِ حساب۔

مولانا کی مقبول عام تصنیف 'اسلام کی دعوت' کے آٹھ ایڈیشن مکمل ہو چکے ہیں، اب اس کا نواں ایڈیشن مصنف کی نظر ثانی کے بعد مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے شائع ہوا ہے۔ قیمت -/۱۳۰